توجہ دلاؤ نوٹس

جناب سپیکر صاحب

میں آپ کی توجہ ایک اہم اور فوری حل کرنے والی مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ

قبائلیوں کی قربانیاں کسی سے بھی چھپی نہیں ہے کہ پاکستان کے لئے ہر قسم قربانی کے ئے کمر بستہ تھے۔ اور پھر خاص کر دہشت گردی کے دوران تو قبائل کی ہر فرد نے فرداً فرداً مالی اور جانی نقصان اُٹھایا ہے۔ بہت زیادہ کوششوں کے باوجود اللہ پاک تمام قبائل پر اپنا نظر رحم فرما کر قبائل کو صوبہ خیبر پختونخوا میں ضم کر دیا۔ یہ سارے ہمارے بڑوں کی قربانیاں ہیں۔

اب چونکہ جیسا بلوچستان میں چمن بارڈر، بلوچستان میں گوادر پاک ایران بارڈر، آزاد کشمیر میں مظفر آباد سری نگر بارڈر اور گلگت میں قاشغر بارڈر پر جو سہولیات وہاں کے عوام کے لئے میسر ہیں۔ یعنی وہاں کے عوام بارڈر پر کاروبار کرنا یا وہاں سے کاروبار کے لئے آنا جانا کی آسانی میسر ہو۔ اسی طرح ضلع خیبر کے عوام کے لئے تورخم بارڈر اور ضلع مہمند کے گورسل بارڈر سمیت قبائل میں جتنے بھی بارڈرز آتے ہیں۔ عوام کے ساتھ ایک اور احسان کرے۔ تمام بارڈرز پر لوگوں کی کاروبار اور دیگر سہولیات کے میسر ہو۔ تاکہ وہاں کے لوگ باعزت زندگی بسر کر سکے۔ اور عوام کا دیرینہ مطالبہ پورا ہو سکے۔

Shafiq (signature)
جناب شفیق شیر آفریدی ایم پی اے

Abbas (signature)
جناب عباس الرحمان ایم پی اے

جناب بلاول آفریدی ایم پی اے

(signature)
جناب بصیرت خان ایم پی اے

CALL ATTENTION NOTICE
Session No. 10th
Notice No. 887
Received Time: 4:55
Received Date 2/1/2020
From Mr. / Ms. ______ MPA
Receiver Sign: (signature)